
visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مطلب ڈیڈ کیا کہ رہے ہیں آپ

ایم آر ۔ میں آج کچھ لڑکیوں کو ملک سے باہر بھیج رہا ہوں تاکہ وہ وہاں پر اچھی زندگی حاصل کریں۔ تمہیں بس کچھ ایسا کرنا ہے کہ وہ ایر پورٹ تک بحفاظت پہنچ جائیں اور سٹیفن رابرٹ کی نظر میں بھی نہ آئیں ۔

Ok done I will do this.I will try to save these girls from steafen Robert.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابتسام مشکات کے سراہنے بیٹھا اس کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہا تھا ۔

پروفیسر ۔۔ مشکات نے ہلکی آنکھیں کھولیں اور ابتسام کا نام لیا ۔۔۔اپنا نام سن کر ابتسام کا غصہ قدرے ٹھنڈا ہوا

پروفیسر --ارحم کو چھوڑ دیں اور جو نہی ابتسام نے مشکات کے منہ سے ارحم کا نام سنا اس کا غصہ دوبارہ ہوا کھا گیا--

مشکات وہ غصے میں دھاڑا -- کس سے پوچھ کر یونیورسٹی آئی تھی تم ---اور ارحم کے ساتھ کیوں کھڑی تھی---

آپ گھر نہیں تھے---مشکات نے ایک لفظی جواب دیا

میں گھر نہیں تھا تو اس کا کیا مطلب ۔کل کو اگر میں یونیورسٹی کے علاوہ کہیں اور جاؤں گا تو تم گھر سے چلی جاؤ گی--ابتسام نے ایک دفعہ دوبارہ آواز تیز کی---

مگر مشکات کی نظروں میں اپنے لیے خوف دیکھ کر اپنا غصہ کم کیا---اور مشکات کو گلے لگا لیا----مشی میری جان مجھے کوئی بھی ایسا شخص منظور نہیں ہے جو تمہیں میری نظر سے دیکھے ۔مجھے ہر اس شخص سے نفرت ہے جو تمہارے لیے میری

جیسی سوچ رکھے۔جب کوئی تمہاری طرف دیکھتا ہے تو میرا دل کرتا ہے اس کی آنکھیں نکال ڈالوں۔

مشکات بھی کافی حد تک پر سکون ہوی اور اس نے ابتسام کے گرد اپنے دونوں ہاتھوں سے گھیرا بنالیا ابتسام نے بھی اپنی پکڑ مشکات پر مضبوط کی جیسے اسے مشکات کے دور جانے کا ڈر ہو۔

ابتسام مشکات نے ابتسام سے بات کرنے کے لیے اپنا چہرہ اوپر کیا اور جیسے ہی اس کی نظر ابتسام کی چین پر گئی تو اسے دوبارہ سے ابتسام کا جنونی روپ یاد آیا اور وہ ابتسام کے بازوؤں کو جھٹکتی اس سے دور ہوی ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی میری جان کیا ہوا ابتسام نے مشکات کے دور ہونے کی وجہ پوچھی مگر وہ شاید مشکات کی نظریں سمجھ چکا تھا اس لیے اس نے اپنے گلے سے وہ چین اتاری اور مشکات کے قدموں میں رکھ دی۔

ابتسام کی سب سے بڑی طاقت اس کی چین تھی اور آج وہ اپنی طاقت اپنی کمزوری کو سونپ چکا تھا۔

مشی میری جان یہ لو یہ چین مگر مشکات ایک انچ بھی اپنی جگہ سے نہیں ہلی تھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

۔

مشکات

I am sorry but I never want to hurt you

مشی میری جان میرا ارادہ تمہیں تکلیف پہنچانے کا نہیں تھا اور نہ میں تمہیں خود سے خوفزدہ کرنا چاہتا تھا مجھے اس وقت غصہ آگیا تھا

Sorry

اب تم کہوگی تو میں مرغا بھی بن جاؤ گا۔

چلیں پھر بنیں مرغا

ہا دیکھو کتنی شیطان ہو تم کوئی اپنے شوہر کو ایسے کہتا ہے کہ مرغا بنو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو شوہر کو کون کہتا ہے کہ مرغا بننے والی حرکتیں کرے۔

اچھا اب جلدی کریں مرغا بنیں

اللہ میاں آپ دیکھ رہے ہو نہ یہ ظالم بیوی کیسے اپنے شوہر پر ظلم کر رہی ہے۔

جی جی دیکھ رہے ہیں اللہ میاں اب آپ زیادہ باتیں نہ بنائیں مرغا بنیں

جی جان من

اور پھر اگر سچی محبت ہو تو اپنے محبوب کا ہر

بچپنا بھی برداشت کیا جاتا ہے۔

جانم بس اب پکا وعدہ دوبارہ ایسی حرکت نہیں کروں گا اور غصہ بھی نہیں کروں گا

مگر یہ چین پہننے دینا۔

ہاں ہاں جائیں دی اجازت میرے مظلوم شوہر کو چین پہننے کی آپ بھی کیا یاد

کریں گے کتنی اچھی ہے آپکی بیوی --

چلو میری پرنسسز کسی طرح تم نے یہ تو قبول کیا کہ میں تمہارا شوہر ہوں اور ابتسام

نے مشکات کو کھینچ کر اپنے سینے سے لگایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشکات ابتسام کے چوڑے سینے سے تھوڑا دور ہوی مگر اسے چکر آیا اور وہ واپس ابتسام کی باہوں میں سما گئی۔

مشی۔۔۔۔۔مشی۔۔۔۔۔کیا ہوا۔

ابتسام نے مشکات کو بیڈ پر لٹایا اور اس پر پانی کا چھپکا مارا۔

مشی مشی کیا ہو ا

کچھ نہیں بس ہلکا سا چکر آیا تھا شاید ناشتہ نہیں کیا نہ اس لیے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا تم نے ناشتہ نہیں کیا

نہیں کیوں آپ کیا مرے لیے فائیو سٹار ہوٹل میں کھانے کا آرڈر دے کر گئے تھے۔

جانم من آرڈر تو نہیں پر ناشتہ بنا کر ضرور گیا تھا

کیا آپ نے ناشتہ بنایا تھا خود

آپ کو بنانا آتا ہے

جی بلکل اب آپ سے پہلے تو میں بلکل اکیلا تھا پھر خود ہی سارے کام کرنے

پڑتے تھے پر اب تو آپ آگئ ہو آپ کرو گی میرے سارے کام--

میں کیوں کروں پہلے بھی آپ خود کرتے تھے اور اب بھی آپ خود کرنا

کتنی غلط بات ہے مشی اللہ میاں ناراض ہو جائیں گے۔اللہ میاں کہتے ہیں کہ جو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بیوی اپنے شوہر کے دل کی ملکہ ہو وہ جنت میں جائیں گی۔

تو شوہر جی میں تو آپ کے دل کی ملکہ ہوں نہ

جی بالکل اچھا اب میں ناشتہ لایا بس دو منٹ---

ابتسام اور مشکات کھانا کھا کر فارغ ہو چکے تھے کہ ابتسام کا فون بجنے لگا مگر ابتسام نے کال نہ اٹھائی۔

کس کی کال ہے ابتسام --

کسی کی نہیں --

کال اٹھالیں ہو سکتا ہے کوئی ضروری کام ہو۔

ہیلو ہاں راحب بولو----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سر کنگ نے آج بھی کچھ لڑکیاں دوسرے ملک بھیجی ہیں

اور ہم اس گاڑی کے پیچھے ہی ہیں

اچھا تم پیچھا کرو میں بس ابھی آیا --

مشی اپنا خیال رکھنا۔ میں بس کچھ وقت تک آیا پر آپ جا کہاں رہے ہیں۔

کچھ کام سے جارہا ہوں بس ابھی آجاؤ گا۔

---

بتادو کہاں جارہے ہو؟ کیا کسی لڑکی کے پاس جارہے ہو؟ کیا آپ نے دوسری شادی کی ہے؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جانے انجانے میں خود کو ابتسام کی پہلی بیوی کہ چکی تھی

جسے سن کر ابتسام کا دل مسکرایا تھا

کیا لگتا ہے مشی

مجھے نہیں پتا

اگر آپ نے دوسری شادی کی بھی ہے تو مجھے فرق نہیں پڑتا وہ پھر سے اپنی باتوں سے ابتسام کے دل کو زخمی کر چکی تھی۔

میری جان فلاحال تو تمہیں فرق نہیں پڑتا مگر یاد رکھنا بہت جلد تمہیں میری ہر چیز سے فرق پڑے گا۔تمہیں میری طرح ہر اس زی روح سے نفرت ہوگی جو مجھے دیکھے گی اور اگر ایسا نہ ہوا تو اس دن میں خود تمہیں مجھ سے آزاد کردوں گا اور یہ کہ کر ابتسام نے مشکات کے پھولے گالوں کو چوما جو اب شرم سے لال ہو چکے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ واپس کب تک آئیں گے ؟

مجھے معلوم نہیں ہے مگر جلدی آنے کی کوشش کروں گا

اپنا خیال رکھنا مشی اور ابتسام مشکات کے گالوں کو سہلاتا کمرے کو بند کرتا باہر نکل گیا۔

ڈیڈ۔۔۔ سٹیفن کے آدمی شاید ہمارا پیچھا کر رہے ہیں۔ میں کیسے ان سے پیچھا چھڑاؤ

ایم آر تم بس لڑکیوں پر دیھان دینا ایک لڑکی بھی گم نہ ہو باقی سٹیفن کو میں لائن پر لاتا ہوں ۔

مشی جو اس وقت کچن میں کھڑی ابتسام کے لیے کھانا بنا رہی ہوتی ہے اچانک سے اپنے پیچھے سایہ پڑنے پر گھبرا جاتی ہے

کوکوکوکون ہے میرے پیچھے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پیچھے کھڑے شخص نے مشکات کے سر پر بندوق تانی یہ لے لڑکی ---پیچھے کھڑے شخص نے مشکات کی طرف فون بڑھایا ---میں کیا کروں اس کا ---اگر اپنی جان پیاری ہے تو اپنے شوہر کو گھر بلا---

میں کیوں بلاؤ --اب کی بار سوال مشکات کی طرف سے تھا جو خوف کی وجہ سے کانپ رہی تھی مگر خود کو ایک بہادر لڑکی ثابت کر رہی تھی۔

ٹھیک ہے تو نہ بلا تیری لاش کی تصویر ہی اسے واپس بلالے گی---اور اس شخص نے گن کا ٹریگر دبایا اور پل بھر میں وہ ہوا میں فائر کر چکا تھا---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشکات نے چیخ لگائی مگر اس شخص نے مشکات کا منہ اتنی زور سے بند کیا کہ اس کے چہرے پر نشان پڑ گیا---

اب اگر اپنی سلامتی چاہتی ہے تو اپنے شوہر کو بلا ---

فون دو مجھے ۔۔ مشکات چونکہ ہوائی فائر سے خوفزدہ ہو چکی تھی اس لیے اس نے ابتسام کو بلانے میں ہی بھلائی سمجھی۔۔۔

کون ۔۔۔۔ابتسام نے فون اٹھایا مگر دوسری طرف سے آتی آواز جیسے اس کے وجود سے روح کو جدا کر چکی تھی۔۔۔سام پلیز آجائیں بچالیں مجھے۔۔۔ مشی میری جان کیا ہوا ۔۔۔۔پلیز بچالیں ۔۔۔ابھی مشکات بات ہی کر رہی تھی کی پیچھے کھڑے شخص نے اس کے کاندھے کو زور سے دبایا۔۔۔۔جس کی وجہ سے کاندھے سے اس کی قمیض پھٹ گئی اور وہاں سے خون نکلنے لگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں مجھے ہاتھا نہ لگاو۔۔۔چھوڑو مجھے۔۔۔۔ مشی کون ہے وہاں ۔۔۔اب کی دفعہ ابتسام دھاڑا تھا۔۔۔۔مگر دوسری طرف کھڑے شخص نے موبائل کو زمین پر پٹخ دیا جس سے موبائل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔

ابتسام نے راحب کو آرڈر دیا کہ وہ ان کے پیچھے ہی رہے کیوں کہ یہ بات وہ جان چکا تھا کہ یہ ساری سازش صرف اور صرف اسے کنگ کے آدمیوں کا پیچھا کرنے سے روکنے کے لیے کی گئی تھی---اور وہ خود ریش ڈرائیونگ کرتا گھر پہنچا---

گھر میں داخل ہوتے ہی ابتسام کا وجود اس کا ساتھ چھوڑ چکا تھا---مگر نہیں وہ تو ابتسام درانی تھا جو ہر مشکل کا سامنہ بڑی دلیری سے کرسکتا تھا---مگر آج اپنے سامنے اپنے قرار من کو خون میں لت پت دیکھ کر اس کے ہواس باختہ ہوئے تھے---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی میری جان---اٹھو اس نے لپک کر مشی کو گود میں اٹھایا اور بہت احتیاط سے اسے کمرے میں بیڈ پر لٹایا--

مشی اٹھو۔۔ابتسام مشکات کو کچھ نہیں ہوا بس شاید تھوڑا زیادہ خوفزدہ ہو گئی تھی اس لیے بیہوش ہوگئی ہے کچھ دیر تک ہوش آ جائے گا۔فکر مند ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔۔۔ہیثم ابتسام کا دوست بھی تھا اور ڈاکٹر بھی جب کبھی بھی ابتسام کو کوئی چوٹ وغیرہ لگتی تھی تو وہ ہی اس کا علاج کرتا تھا۔

ہیثم نے آگے بڑھ کر مشکات کے کاندھے کا زخم دیکھا اور جونہی وہ اس کو ٹیوب لگانے کے لیے اپنا ہاتھ بڑھانے لگا تو ابتسام نے اس کا ہاتھ روک دیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا مجھے ٹیوب لگانے دو

میں خود لگا دوں گا ۔۔۔جواب نارمل تھا مگر ہیثم یہ جان چکا تھا کہ ابتسام مشکات کے لیے کتنا پوسیسو ہے۔

میں ڈاکٹر ہوں مجھے علاج کرنے دو۔

ہیثم میں نے کہا ہے نا کہ یہ ٹیوب مجھے دو میں خود لگا دوں گا ۔

ابتسام نے ہیثم کے ہاتھ سے ٹیوب لی --اور اس نے دروازے کی طرف اشارہ کیا۔

ہاں ہاں جارہا ہوں --- ہیثم کو بھی اپنی اس قدر بے عزتی پر غصہ آیا مگر وہ جانتا تھا کہ ابتسام اپنی چیزوں کو لے کر کس قدر انتہا پسند ہے اس لیے خاموشی سے غصہ ضبط کر گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابتسام نے مشکات کے کاندھے پر ٹیوب لگائی -- مگر شاید درد کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ وہ بیہوشی میں بھی کسمسائی تھی۔

ابتسام کی آنکھیں غصہ ضبط کرنے کے سبب لال ہو رہی تھی-- ابتسام کی نظر مشکات کے خون سے بھرے کپڑوں پر گئی ---اود یہ سوچتے ہوے کہ اگر مشکات

نے یہ خون اپنے کپڑوں پر دیکھا تو کہیں اس کی طبیعت خراب نہ ہو جائے---ابتسام نے کمرے کی ساری لائٹس بند کر دی---اور مشکات کے کپڑے تبدیل کرنے لگا---

جونہی اس کے ہاتھ مشکات کی قمیض پر گئے اس نے فوراً پیچھے کھینچ لیے--نہیں میں یہ نہیں کرسکتا اگر مشی نے اس کو غلط سمجھا اگر اس نے یہ سوچا کہ میں نے اس کی بیہوشی کا فایدہ اٹھایا ہے یا اس نے یہ سوچا کہ میں نے اس کے ساتھ زبردستی رشتہ قائم کرنے کی کوشش کی ہے تو---

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

مگر وہ جلد ہی اپنی تمام تر سوچوں پر پردہ ڈالتا----اس کے کپڑے تبدیل کرنے لگا---ہاں تو جو سوچتی ہے سوچے---میں شوہر ہوں اس کا----میں اس ہر مکمل حق رکھتا ہوں۔اور یہ حق مجھے خود خدا نے دیا ہے--

اور اب اس کے لیے یہ بات ہی کافی تھی کہ مشکات اس کی بیوی تھی اج---اج اس کی باہوں میں اس کی محبت اس کی محرم بن کر موجود تھی---

اور پھر اپنے محبوب کو اپنی باہوں میں اپنے محرم کے روپ میں دیکھنے سے بڑی خوشی اس دنیا میں نہیں ۔

سر ہم وہ تمام لڑکیاں اٹھا چکے ہیں ۔راحب نے ابتسام کو خبر دی جو کہ شاید ایک بہت بڑی جیت تھی ---مگر آج زندگی میں پہلی دفعہ اسے اپنی جیت سے بڑھ کر کسی کے درد کا احساس تھا جو اسے اس کی جیت پر مسکرانے بھی نہ دے سکا

ٹھیک ہے اپنے فارم پر پہنچا دو ۔ان کا خیال کرنا اور ایڈریس وغیرہ پتہ کرو ان سے---میں ان سے جلد ملنے آؤ گا

ابتسام نے وقت نہیں بتایا تھا کہ کب مںے آلئے گا کیونکہ وہ مشکات کو اب کسی بھی صورت اکیلا چھوڑنا نہیں چاہتا تھا۔

راحب میں نے جو فون بیجھا وہ ملا ہے سٹیفن مدعے پر آیا

جی سر

اب پانچ منٹ کے اندر مجھے اس کا سارا ڈیٹا چاہیے

پر سر وہ تو سارا ٹوٹ چکا ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے کچھ نہیں پتہ

میں نے جتنا کہا ہے اتنا کرو مجھے پانچ منٹ میں سارا ڈیٹا چاہیے ---ابتسام غرایا تھا

جی سر

یہ وہی فون تھا جو اس شخص نے مشکات کو دیا تھا کہ وہ اس سے ابتسام کو کال کرے اور کال ملانے کہ بعد وہ اس فون کو زمین پر پٹخ چکا تھا۔

---

مشی اٹھ جاؤ بس یار بہت ہوگیا ہے ابتسام مشکات کے سراہنے بیٹھا اس کے سر میں ہاتھ پھیر رہا تھا---میری جان کیوں امتحان لے رہی ہو میرا---پلیز اٹھ جاؤ---مشکات تمھاری خاموشی میرا امتحان لے رہی ہے---اٹھ جاؤ میری جان---سام مجھے بچا لیں---مشکات نے آدھی ادھوری آنکھیں کھولی تھیں---ابتسام نے جیسے مشکات کی آواز سنی تو اس کی روح اس کے جسم میں واپس آئی---

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

مشکات میری جان میں یہیں ہوں----دیکھو تم ٹھیک ہو---میرے پاس ہو بالکل محفوظ ہو----

نہیں سام مجھے بچالو----وہ مجھے مار دیں گے----مشکات شاید اس حادثے سے اس قدر خوفزدہ ہو چکی تھی کہ وہ ابھی بھی ان لوگوں کو اپنے پاس محسوس کر رہی تھی--

مشکات کچھ نہیں ہوا--اپ میرے پاس ہو دیکھو--انکھیں کھولو---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشکات نے آنکھیں کھولی اور پھر فوراً بند کرلی

مشی آنکھیں کیوں بند کی

سام وہ ہیں وہ ابھی بھی یہیں ہیں

نہیں ہیں وہ ادھر وہ چلے گئے ہیں آنکھیں کھولو اور دیکھو

مشکات نے آنکھیں کھولی اور ایک طائرانہ نظر پورے کمرے پر ڈالی اور جب اسے محسوس ہوا کہ ادھر کوئی نہیں ہے تو وہ جلدی سے ابتسام کے گلے لگ گئی اور اس کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوگئے ۔

سام شکر ہوا آپ آگئے ۔اپ کو تو کچھ نہیں کہا ان لوگوں نے

نہیں میں بالکل ٹھیک ہوں ۔ مشی تم یہ کیا مجھے سام سام کہ رہی ہو

کیوں آپ کو اچھا نہیں لگا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں ابتسام شاید مشکات کی ذہنی حالت سمجھ چکا تھا اس لیے اس سے ادھر اُدھر کی باتیں کر کے اس کا دماغ حادثے سے ہٹانے لگا۔

یہ توکوئی بات نہیں ہوی ۔اپ بھی تو مجھے مشی کہتے ہیں

مشکات نے ناک پھولا کر ایسے جواب دیا کہ ابتسام اپنی ہنسی نہ روک سکا اور ایک زوردار قہقہہ کمرے میں بلند ہوا

مشکات کو ابتسام کا قہقہہ اور بھی تنگ کرگیا

میں یہاں اتنے سیریس ٹاپک پر بات کر رہی ہوں اور آپ کو ہنسی آرہی ہے--

اچھا اچھا میں نہیں ہنستا ابتسام نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھتے ہوئے کہا

میں تو آپ کو سام ہی کہوں گی آپ بھی تو مجھے مشی کہتے ہیں ابتسام کو یہ زد کرتی مشکات ایک معصوم سی بچی لگی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا بس اب اتنی معصوم شکلیں نہ بناؤ مجھے پیار آرہا ہے پھر یہ نہ کہنا میں نے تمہارے اور اپنے رشتے کو وقت دینے کا کہا تھا مگر دیا نہیں

ابتسام کی یہ بات سن کر مشکات نے نظریں نیچے کر لی مگر جونہی اس کی نظر اپنے کپڑوں پر گئی تو وہ سر تا پیر سرخ ہوگئی

میں نے یہ کپڑے تو نہیں پہنے ہوتے تھے میرے کپڑے کس نے تبدیل کیے

مشکات نے نظریں جھکائے ابتسام سے سوال کیا

کس نے کیے ہوں گے جان

آپ نے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی کوئی شک

آپ کو شرم نہیں آئ

شرم وہ بھی کس سے

مجھ سے

شرم کیسی بیوی ہو میری ۔میرے پاس تو سرٹیفکیٹ ہے تمہیں سرتاپیر دیکھنے کا

سام آپ بہت چھچھورے ہوتے جارہے ہیں دن بدن

جی جی جان بس آپ کی صحبت کا اثر ہے

اچھا یہ سب میری وجہ سے ہے۔

ہم

صحیح کہ رہے ہیں آپ تو بہت شریف ہیں نہیں نہیں بلکہ آپ توپیدا ہی شریف

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہوے تھے

ابتسام اور مشکات کا ایک ساتھ قہقہ گونجا اور آخر کار ابتسام مشکات کا زہن اس

حادثے سے ہٹا چکا کا تھا

مشکات نے بیڈ سے اٹھنا چاہا مگر اس کے کندھے پر چوٹ لگی ہونے کی وجہ سے اس کے منہ سے ایک ہلکی سی سسکی نکلی

کیا ہوا مشی

یہاں درد ہوا مشکات نے اپنے کاندھے پر ہاتھ لگا کر کہا

مشی آپ کو یہاں چوٹ لگی ہے آپ آرام کرو ابتسام مشکات کا گال سہلاتا کمرے سے باہر نکل گیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہیلو کچھ پتہ چلا تمہیں ابتسام نے راحب کو کال کی

یس سر مجھے کچھ معلومات حاصل ہوی ہے اور یہ بھی پتہ چلا ہے کہ یہ کس کا موبائل ہے

سر وہ کنگ کے آدمیوں میں سے ہی ہے

مجھے اگلے گھنٹے کے اندر وہ آدمی بلیک روم میں چاہیے

( بلیک روم وہ ایک خاص کمرہ ہے جو ابتسام کی درندگی کا منہ بولتا ثبوت ہے )

جی سر کام ہو جائے گا

ہمم اور ابتسام نے کال کاٹ دی

شہباز تمہارا دماغ خراب تھا جو تم نے مشکات پر حملہ کروایا

میم وہ کسی طور پر بھی ابتسام کو کال کرنے کے لیے راضی نہیں تھی پھر مجھے یہی صحیح لگا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب مجھے یہ سمجھ نہیں آرہا کہ اب ابتسام کیا کرے گا اور تم زرا خود کو بھی اس کی نظروں سے محفوظ رکھو ورنہ کیا پتہ کس وقت تمہارے نام کے ساتھ مرحوم لگ جائے

کیوں لائے ہو مجھے کون ہو تم ابرار زور زور سے چیخ رہا تھا

(ابرار وہ آدمی جس نے شہباز کے کہنے پر مشکات پر حملہ کیا تھا)

زرا اپنا موبائل دکھانا

کمرے کے ایک کونے سے آواز گونجی اور یہ آواز اور کسی کی نہیں بلکہ ابتسام درانی کی تھی

میرے پاس موبائل نہیں ہے

کیوں کہا ں ہے تمہارا موبائل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں موبائل نہیں رکھتا

اہ۔۔۔اور اگلی دفعہ اس شخص کی زبان زمین پر موجود تھی

جھوٹ ۔۔۔ جھوٹ سخت نفرت ہے سٹیفن کو جھوٹ سے

ابرار اب بولنے کی حالت میں موجود نہیں تھا

سر یہ آپ نے کیا کیا

کیوں

آپ نے اس کی زبان کیوں کاٹ دی

کیونکہ اس کی زبان کی مجھے ضرورت نہیں تھی مجھے معلوم ہے یہ کس کا آدمی ہے

ابھی تو صرف اس کو جھوٹ بولنے کی سزا ملی ہے مشکات کو چھوا ہے س نے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میری مشکات کو ہاتھ لگایا ہے اس نے----ابھی تو وہ حساب بھی برابر کرنا ہے

میں نے اس سے

ابرار ابتسام کے آگے ہاتھ جوڑ رہا تھا

مگر اگلی ہی دفعہ میں ابتسام نے اس کے ہاتھ پر وار کیا جو اس کی تمام ترنسوں کو چیرتا اس کی زندگی کی ڈور کاٹ گیا

یہ اسی ہاتھ سے ہاتھ لگایا تھا نہ میری مشکات کو۔۔۔۔وہ بے دردوں کی طرح اس کے ہاتھ کو چیر رہا تھا

مگر اب تک تو ابرار اپنے زندگی کی بازی ہار چکا تھا

راحب اس کے یہ ہاتھ کاٹو اور کنگ کو میری طرف سے تحفہ پیش کرو اور یہ ضروری پیغام بھی بھیجنا کہ اگر آج کے بعد دوبارہ ایسی کوئی حرکت ہوی تو اس سے بہتر تحائف بھی مجھے دینے آتے ہیں۔

ابتسام آپ کہاں چلے گئے تھے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابتسام چونکہ مشکات کو دوائی وغیرہ دے کر اسے سلا کر گیا تھا۔۔۔مگر درد کی وجہ سے اس کی آنکھ جلدی کھل گئی تھی اور وہ ابتسام کو ڈھونڈ رہی تھی کہ ابتسام گھر میں داخل ہوا

مشی نیچے کیا کر رہی ہو اور کمرے سے باہر کیوں آئی ہوں

سام میں آپ کو ڈھونڈ رہی تھی

تو کال بھی تو کرسکتی تھی نہ بیڈ سے اٹھنے کی کیا ضرورت تھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ باتیں نہ گھمائیں

سچ سچ بتائیں کہاں گئے تھے آپ

میں زرا باہر گیا تھا

کیوں

اب تم اس طرح مشکوک ہو کر کیوں پوچھ رہی ہوں

آپ یقیناً کسی لڑکی سے ملنے گئے تھے نہ

مشی کیا ہوگیا ہے میری زندگی میں صرف تم ہو۔تم ہو بس تم ہو---اور ابتسام نے مشکات کو گود میں اٹھایا اور اسے اوپر کمرے میں لے کر جانے لگا۔

مشکات کی زبان پر تو ابتسام کی اتنی سی قربت پر ہی قفل لگ چکا تھا----اور نگاہیں ابتسام کو اپنے اس قدر قریب دیکھ کر ہی پلکیں جھکا گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا مشی تم نے نظریں کیوں نیچے کرلی---ابتسام نے جان بوجھ کر مشکات کو تنگ کرنے کے لیے اس کے پلکیں جھکانے پر تیر چلایا---مگر وہ یہ بھول چکا تھا کہ سامنے اس کی زندگی۔اس کی دنیا--مشکات ہے----

وہ میرے سر میں درد ہو رہا ہے اس لیے ----مشکات نے اپنی چوٹ کا بھر پور فایدہ اٹھایا ----

کیا سچ میں تم لیٹو یہاں ۔میں ابھی ڈاکٹر کو کال کرتا ہوں---

ابتسام کو اپنی اتنی فکر کرتا دیکھ تو ایک دفعہ مشکات کو خود بھی اپنے قسمت پر رشک ہوا--

مشی زیادہ درد ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں سام میں تو مزاق کر رہی تھی

مزاق ۔کون کرتا ہے ایسے مزاق

اوہو اتنے سیریس کیوں ہو رہے ہیں ۔ایک چھوٹا سا ہی تو مزاق کیا نے ۔

صحیح کہ رہی ہو مزاق تم ہو جو بچی اس لیے بچوں والی حرکتیں کرتی رہتی ہو۔

بچی ۔ بچی کس کو بولا

تمہیں اور کسے

جی نہیں میں بچی نہیں ہوں

نہیں نہیں تم بچی ہی ہو۔۔میری چھوٹی سی بچی ابتسام نے مشکات کی ناک کو زور

سے دبایا ---

اہہہ---مشکات نے ابتسام کے ہاتھ ہٹانے پر بہت برا منہ بنایا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دیکھا تم ہو ہی بچی----یہ کارٹونوں والی حرکتیں بچیاں ہی کرتی ہیں-----چھوٹی

بچی-----

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ
www.urdunovelbank.com




Urdu Novel Bank website
جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔
گوگل پر ٹائپ کریں
Urdu Novel Bank
اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

مشکات تمہیں پتا ہے میں نے اپنی زندگی میں سب سے زیادہ محبت صرف دو لوگوں سے کی ہے ---ابتسام مشکات کو اپنے سینے سے لگائے بیٹھا اس سے باتیں کر رہا تھا۔

کس سے سام--

ایک تو تم

اور دوسری

دوسری میری بہن ----

آپکی بہن--پر آپ نے تو کبھی اپنی بہن کے بارے میں نہیں بتایا---کدھر ہیں وہ---

وہ اب اس دنیا میں نہیں رہی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوہ کیسے کیا ہوا تھا انہیں ----

*********

(ماضی)

آپی آپی کدھر ہیں آپ یہ سترہ سال ابتسام اپنی بڑی بہن کو گھر میں ڈھونڈ رہا تھا مگر اس کی بہن نتاشہ اسے کہیں نہیں ملی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابتسام بھاگ کر اپنے چاچو کے گھر گیا

چاچو ----چاچو----آپی کہیں نہیں مل رہی ----میں جب کالج گیا تھا وہ گھر ہی تھیں

ابتسام تم فکر نہ کرو----میں ڈھونڈتا ہوں ----

نتاشہ کو ڈھونڈتے ہوے صبح سے شام ہوگئی تھی۔۔۔۔ مگر وہ کہیں نہیں مل رہی تھی۔۔۔۔

چاچو آپی کہاں ہیں۔ڈھونڈ لاؤ آپی کو۔۔۔۔ چاچو مجھے آپی چاہیے۔۔۔۔ چاچو مجھے آپی لا دو۔۔۔۔۔۔چاچو آپ سن رہے ہیں نہ۔۔۔۔

ہاں بیٹا میں سن رہا ہوں۔۔۔۔ابتسام میرے بچے تم فکر نہ کرو۔۔۔۔ میں ڈھونڈ لاؤ گا نتاشہ کو۔۔۔۔

ابرار (ابتسام کے چاچو) پولیس سٹیشن میں نتاشہ کی گمشدگی کی خبر لکھوا کر گھر آیا تھا کہ اس کے گھر میں کچھ لوگ داخل ہوئے۔

ابرار۔۔۔کہاں ہے ابرار۔۔۔۔۔۔وہ لوگ تیزی سے چنگھاڑ رہے تھے۔

ابتسام ،ابرار اور فوزیہ (ابرار کی بیوی )اوپر کمرے میں موجود تھے۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

چاچو نیچے کون آیا ہے۔۔ابتسام تم اوپر رکو جب تک میں نہ بلاؤ تم نیچے نہ آنا۔

چاچو آپ مجھے آپی لادیں

جی بچے ----میں آپ کی آپی کو ڈھونڈ لاؤ گا ---اپ رونا تو بند کرو---ابتسام رو رو کر ہلکان ہو رہا تھا ---

میرے بچے اگر آپ رو گے تو آپ کی آپی ناراض ہو جائیں گی ----پھر وہ آپ کو ملنے بھی نہیں آئیں گی ----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی چاچو میں نہیں روں گا---ابتسام نے بہت ہی بے دردی سے اپنا چہرہ رگڑا

-----

ابرار اور فوزیہ جیسے ہی نیچے گئے تو کچھ گولیوں کی آواز گونجی----

ابتسام گولیوں کی آواز سن کر نیچے کی طرف آیا ---مگر اپنے چاچو کی بات سن کر واپس سے کمرے کے دروازے کے پیچھے چھپ گیا---

تجھے کس نے کہا تھا کہ پولیس میں رپورٹ درج کروا ---تیرے گھر کی لڑکی کنگ کے پاس ہے---زندہ یا مردہ اس کی گارنٹی نہیں ----مگر تو نے غلطی کر دی پولیس کے پاس جاکر------ابتسام صرف یہ ہی چند ایک الفاظ سن سکا جو نیچے ہال میں وہ آدمی کہ رہے تھے --

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کنگ---ابتسام کی سوچ صرف ایک اس بات پر اٹک گئی---

تقریباً آدھے گھنٹے کے بعد گھر سے آواز آنا بند ہوگئیں ---اور یہ سوچ کر کہ شاید وہ آدمی اب گھر سے جاچکے ہیں---ابتسام آرام آرام سے سیڑھیاں اترتا نیچے آیا

۔۔۔۔مگر جونہی اس نے آخری سیڑھی سے نیچے قدم رکھا تو مانو اس پر قیامت ٹوٹ پڑی ۔۔۔

اس کے چاچو اور چاچی دنیا و مافیہا سے بیگانہ زمین پر بے سود پڑے تھے ۔۔۔ابتسام بھاگ کر اپنے چاچو کے پاس آیا چاچو اٹھا جائیں ۔۔ چاچو بات سنیں میری ۔۔۔چاچو کیا ہوا آپ کو۔۔۔

چچی آپ بولیں نہ چاچو کو اٹھیں میری بات سنیں ۔۔۔۔ابھی تو ہم نے آپی کو بھی ڈھونڈنا ہے۔۔۔۔ابتسام کی آنکھوں سے آنسوؤں کا سمندر رواں تھا۔۔۔۔

مگر اس کی پکار پر لبیک کرنے والا کوئی موجود نہیں تھا۔۔۔اس سترہ سالہ لڑکے کا کوئی ہمدرد وہاں موجود نہیں تھا۔۔۔کوئی ایسا نہیں تھا جو اس کے غم کا سہارا بنے۔۔۔وہ اکیلا اتنے بڑے درد کی تکلیف کو برداشت کر رہا تھا۔۔۔۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

ابرار صاحب جو اس وقت مردہ حالت میں زمین پر موجود تھے ان کے جیب سے موبائل بجنے کی آواز آنے لگی۔۔۔مگر شاید ابتسام بھی اس دنیا سے بے خبر ہوچکا تھا۔۔۔اس لیے اس نے موبائل کی طرف توجہ نہیں دی۔۔۔۔

اچانک ہی اس کا زہن اس موبائل کی طرف گیا۔۔۔اور اس نے کال اٹھائی۔۔۔

ابرار صاحب آپکی صاحبزادی نتاشہ کا ریپ ہوا ہے۔۔۔اور ان کی ڈیڈ بوڈی بھی مل گئی ہے۔۔۔اپ آکر ان کی باڈی لے جائیں۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابتسام کی سوچ تو ریپ پر ہی اٹک گئی تھی۔۔۔ریپ۔۔۔اب وہ اتنا بھی چھوٹا نہ تھاکہ اس واہیات لفظ کا مطلب نہ سمجھتا۔۔۔۔

آج کا دن ابتسام کے لیے قیامت کے دن کی طرح تھا---اج اس سترہ سالہ لڑکے کا پورا خاندان زمین دوز ہو چکا تھا---اج اس کی جان سے پیاری بہن اسے ان تکلیفوں کے سمندر میں تنہا چھوڑ کر چلی گئی تھی----

اس واقعہ کو ہفتہ گزر چکا تھا---اور ابتسام کافی حد تک خود کو سنبھال چکا تھا وہ جان چکا تھا اس کا اب اس دنیا میں کوئی نہیں ہے---اسے اکیلے اس دنیا کا مقابلہ کرنے ہے---مگر ساتھ ساتھ اس کے زہن میں ایک یہ بات بھی تھی کہ اس کے خاندان کا قاتل کنگ ہے-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کنگ---ابتسام نے دانت دبا کر یہ لفظ ادا کیا---کنگ تجھے تو میں اس سے بھی بد تر موت دوں گا----ابتسام کی آنکھیں غصہ ضبط کرنے کی وجہ سے لہو چھلکا رہی تھیں

کل کا یہ سترہ سالہ لڑکا آج ستائیس سالہ نوجوان بن چکا تھا۔۔۔مگر اس کے اندر بدلے کی آگ کم ہونے کی بجائے دن بدن بڑھتی جارہی تھی۔

*********

(حال)

سام ۔۔۔اپ کے ساتھ اتنا کچھ ہوا ۔ابتسام کے الفاظ نے مشکات پر بھی گہرا اثر چھوڑا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سام آپ کے والدین کہاں ہیں ۔۔۔اور وہ کیا نام لیا تھا آپ نے کنگ ۔۔وہ کہاں ہے اس کے ساتھ کیا ہوا۔۔۔مشکات نے ابتسام کے آنسو پونچھتے ہوئے سوال کیے۔۔۔

مشی میری مما تو میرے پیدا ہونے پر ہی اس دنیا سے چلی گئی تھی---اور میرے بابا مما کے جانے کے غم کو برداشت نہ کرتے ہوئے اس دنیا میں مجھے اور آپی کو چھوڑ کر چلے گئے----

سام اب میں ہوں نہ آپ کے پاس ----میں آپ کا خیال رکھوں گی---مشکات نے بالکل بچوں والے انداز میں ابتسام کے گال تھپتھپاتے ہوے کہا

جی میری جان اب میرا خیال آپ رکھو گی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہم---اوہ سام وہ کنگ کہاں ہے اس کا کیا ہوا۔

کنگ وہ--اس کو تو پھانسی ہوگئی --

ابتسام نے جھوٹ بولا کیونکہ وہ مشکات کو یہ بتانا نہیں چاہتا تھا کہ وہ ایک گینگسٹر ہے---اور کنگ ابھی بھی اس کے پیچھے ہے---ابتسام کو ڈر تھا کہ کہیں مشکات کنگ سے خوفزدہ نہ ہو جائے ----

اچھا۔بہت اچھا ہوا اس کے ساتھ----ورنہ میں ہی اس کا قتل کر دیتی---مشکات نے اپنے چہرے پر آئی لٹوں کو پیچھے کرتے ہوے کہا۔

پہلے خود کو تو سنبھال لو---تمہیں اب تک خود کو سنبھالنا تو آیا نہیں ---

سام آپ میرے مزاق نہ اڑایا کریں--ورنہ--مشکات نے ایک انگلی سے ابتسام کی طرف اشارہ کیا

ورنہ کیا

ورنہ میں نے رونے لگ جانا ہے

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

اووو ---میرا بے بی روئے گا

جی مشکات نے جلدی سے ہاں میں سر ہلایا

اچھا نہیں چھیڑتا

کوئی کیا جنگ کرے اس لڑکی سے جو لاجواب ہو جائے

تو رونے لگ جاتی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

---

ڈیڈ ہمارے تمام تر وار ناکام ہو رہے ہیں---اور اوپر سے اس سٹیفن نے اپنے

گھر اتنا کڑا پہرا لگایا ہے کہ ہم اس کے گھر میں بھی داخل نہیں ہو سکتے-----

اس کے گھر داخل ہونے کی غلطی بھی نہیں کرنی ایم آر ایک دفعہ تم یہ قدم اٹھا کر دیکھ چکی ہو۔۔۔نقصان ہمیں ہی ہوا ہے۔

ڈیڈ پھر ہم کیا کریں گے کیا نتالیہ آپی کو انصاف نہیں ملے گا۔۔۔۔۔

میں نے ایسا کب کہا۔۔۔۔میرے پاس اس سے بھی اچھا پلین ہے

کیا؟؟؟

تم کل سے یونیورسٹی جوائن کرو اور وہاں جاکر مشکات کی دوست بن جاؤ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

۔۔۔۔۔۔۔ایسے تم بآسانی سٹیفن کے گھر تک پہنچ جاؤ گی ۔۔۔کیونکہ یہ بات ہم سب بہت اچھے سے جانتے ہیں کہ ابتسام ہی سٹیفن ہے۔۔۔۔اور ابتسام نے مشکات سے شادی کی ہے ۔۔۔۔۔تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ابتسام کے گھر کے بند دروازے کو کھولنے کی چابی مشکات ہے۔۔۔

اگر ہمیں وہ مل گئی تو سمجھ لو-----ابتسام کے گھر کا پتہ مل گیا---پتہ کیا بلکہ یہ سمجھو کہ ابتسام کے گھر میں رہائش مل گئی----

یس ڈیڈ---یہ تو کافی اچھا پلین ہے پر آپ کو پتا ہے مجھے دوست بنانا پسند نہیں ہے---

پسند نہیں ہے تو کیا ہوا---اپنی آپی کے لیے تو کر ہی سکتی ہو نہ----

جی ڈیڈ--آپی کے لیے تو میری جان بھی حاضر ہے--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بس پھر اب یہ تم پر ہے کہ مشکات سے دوستی کرو اور ابتسام کے گھر میں داخل ہو جاو---

سام اٹھ جائیں ۔۔۔۔کب سے اٹھا رہی ہوں آپ کو۔۔ٹائم دیکھیں 9 بج رہے ہیں ۔۔۔ہمیں یونیورسٹی بھی جانا ہے۔

مشکات ابتسام کو اٹھانے کی ناکام کوشش کر کے ہلکان ہو رہی تھی جبکہ ایسا لگتا تھا جیسے کہ ابتسام آج گدھے گھوڑے بیچ کر سویا ہے۔

ٹھیک ہیں نہ اٹھیں میں ارحم کو کال کرتی ہوں وہ مجھے اپنے ساتھ یونیورسٹی لے جائے گا مشکات کے اتنا کہنے کی دیر تھی ابتسام جو کافی دیر سے جاگتے ہوئے بھی سونے کا ڈرامہ کر رہا تھا فوراً سے اٹھ بیٹھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کوئی ضرورت نہیں ہے اسے الو کو کال کرنے کی میں ہوں نہ میں اور تم اکھٹے چلیں گے۔۔۔

ہی ہی ہی دیکھا کیسے اٹھے۔۔۔۔یعنی اب اگر آپ میری کوئی بات نہیں مانیں گے تو میں آپ کو اس طرح بلیک میل کیا کروں گی۔۔۔

جی نہیں میں آج کے بعد تمہارے منہ سے اس الو کا نام نہ سنو

الو۔۔۔الو تو نہ بولیں بیچارا میرا اتنا اچھا دوست ہے

دوست۔۔۔دوست نہیں الو بلکہ ایک نمبر کا گدھا ہے

ابتسام ۔۔۔مشکات نے تنگ ہونے والے انداز میں ابتسام کو پکارا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی ابتسام کی جان

چلیں اٹھیں ۔۔۔ورنہ ہم لیٹ ہو جائیں گے بلکہ لیٹ ہو گئے ہیں۔۔

اچھا بس پانچ منٹ میں ابھی تیار ہو کر آیا

واہ آج تو بہت ہی لاجواب خوشبو آرہی ہے---ابتسام تیار ہو کر نیچے آیا تو پورا ہال خوشبو سے مہک رہا تھا۔

واہ لگتا ہے آج کچھ سپیشل بنا ہے

جی بلکل -----میں نے آپ کے لیے آلو کے پراٹھے بنائے ہیں

تمہیں کھانا بنانہ آتا ہے ابتسام نے حیران ہونے والے انداز میں سوال کیا

جی بلکل

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ تو بہت مزے کا ہے ابتسام نے منہ میں نوالہ رکھتے ہوے کہا---دل چاہتا ہے پکانے والی کے ہاتھ چوم لوں--

بس بس اب زیادہ نہ اترائیں ---اور ہاں اب زیادہ چوڑے نہ ہونا میں نے روز روز کھانا نہیں بنانا

پہلے بھی آپ بناتے تھے اور آج کے بعد بھی آپ ہی بنائیں گے

جو حکم میری جان۔۔۔۔ابتسام نے اپنے دل کے مقام پر مشکات کا ہاتھ رکھتے ہوئے کہا

چلیں اٹھیں اب یونیورسٹی بھی جانا ہے

ہم چلو

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایم آر تمہیں اب ہر قدم سوچ کے رکھنا ہے اور ہاں یہ بات یاد رکھنا ابتسام کو تم پر زرا برابر بھی شک نہ ہو۔۔۔ ابتسام صرف میرے اور شہباز کے بارے میں

جانتا ہے اسے یہ معلوم نہیں ہے کہ ہمارا ایک اور پارٹنر بھی ہے---اور اسے یہ بات معلوم بھی نہیں ہونی چاہیے --

جی ڈیڈ میں کوشش کروں گی کہ ابتسام کی نظروں میں نہ آؤں ----

اچھا اب میں چلتی ہوں---دعا کیجیے گاکہ میں آپی کا بدلہ لینے میں کامیاب ہوجاوں

---

ہممم----اپنا خیال رکھنا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شہباز----تمہیں کچھ پتا چلاکہ یہ سٹیفن میرے پیچھے کیوں پڑا ہے

نہیں سر----مجھے اب تک اس کے متعلق کوئی انفارمیشن نہیں ملی ہے---

سر مجھے تو یہ ہی لگتا ہے وہ آپ کے دھندے کی وجہ سے آپ کے پیچھے ہے

نہیں نہیں ----یہ معاملہ اتنا آسان نہیں ہے اگر وہ اس لیے میرے پیچھے ہوتا تو کب کا مجھے سلاخوں کے پیچھے کرواچکا ہوتا-----معاملہ کچھ اور ہی لگتا ہے----

تم دوبارہ پتا کرو-------

اور ہاں تم نے میرے خلاف سارے ثبوت مٹادیے ہیں

یس سر پر ایک مسلہ ہے

کیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سر وہ ویڈیو ریکارڈنگ ابتسام کے ہاتھ لگ چکی ہے شاید

کونسی---سر جب آپ نے نتالیہ میم کا گلہ دبایا تھا تب ان کے موبائل پر ویڈیو ریکارڈر ان تھا----میں نے جب ان کا موبائل اٹھایا تب دیکھی تھی مگر پھر فورا پولیس اگئی----اور موبائل میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا

اور یہ بات آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہمارے جانے کے بعد وہاں سٹیفن آیا تھا اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ موبائل سٹیفن کے پاس ہے

اوہ تم نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا

سر یہ مجھے بھی کل یاد آیا ہے وہ ایم آر میم نتالیہ میم کا موبائل مانگ رہی تھی

تو تم نے کیا کہا

سر میں نے کہا ہے جس دن وہ اغوا ہوئی تھی اسی دن ان کا موبائل ٹوٹ گیا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمم صحیح ۔۔۔اب میں ایم آر سے یہ کام کرواؤں گا اور تم اس بات پر دیہان دینا کہ ایم آر کو کبھی بھی یہ سچ پتا نہ چلے کہ نتالیہ کو میں نے مروایا ہے

جی جی سر ایم آر میم کو کبھی بھی یہ پتا نہیں چلے گا

اچھا مشکات اپنا خیال رکھنا۔۔۔ابتسام نے یونیورسٹی کے آگے گاڑی روکی اور ابتسام کے ماتھے پر اپنی مہر لگائی۔

کیوں آپ نہیں آرہے

نہیں نہیں میں آرہا ہوں ۔۔۔۔مگر تم ابھی مجھ سے دور ہوجاوں گی نہ

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دور

دور مطلب

میری جان مطلب یہ میں آفیس میں جاؤ گا اور آپ کلاس میں جاؤ گی

اوہ اچھا ------میں تو ڈر گئی

ڈر گئی کیوں

مجھے لگا آپ مجھے چھوڑ رہے ہیں

واہ تو اب آپ مجھے چھوڑنے سے ڈرنے لگی ہیں----

جی بلکل۔اب مجھے آپ کے ساتھ صرف مشکات اچھی لگتی ہے----مشکات نے جلدی سے گاڑی کا دروازہ کھولا اور باہر بھاگ گئی----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

---

مشکات اپنی کلاس کی طرف چلی جاتی ہے جبکہ ابتسام آفس میں چلا جاتا ہے ۔

ارحم آج تم اکیلے بیٹھے ہو۔۔۔مشکات کلاس میں داخل ہوتی ہے تو وہ ارحم کو سیٹ پر اکیلا بیٹھا دیکھ کر اس سے پوچھتی ہے۔

اوہ واہ واہ آج تو بڑے بڑے لوگ آئیں ہیں۔۔۔۔۔۔اج خیریت ہے آپ اس غریب خانے میں کیسے۔۔۔۔

ارحم کیا ہے تجھے۔۔کیا میں نے یونیورسٹی نہیں آنا تھا؟؟

نہیں نہیں آنا تھا مگر آپ جیسے بادشاہ لوگ تو اپنی مرضی سے آتے ہیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارحم چپ ہوجا اگر تو نے اب کچھ ایسا ویسا بولا تو میں نے تجھ سے بات نہیں کرنی۔فاریہ کہاں ہے

فاریہ بیمار ہے تین دن ہوگئے ہیں وہ یونیورسٹی بھی نہیں آرہی

کیا تم لوگوں نے مجھے بتایا بھی نہیں

اوہ ہیلو محترمہ آپ تو ہم سے سارے رابطے ختم کر چکی ہیں۔یونیورسٹی آپ نے آنا نہیں ہوتا اور شادی کے بعد سے تو محترمہ نے نمبر بھی تبدیل کر لیا ہے اب خود بتاؤ ہم کیسے تم سے رابطہ کریں۔

اوہ اوہ سوری سوری ارحم یار میں بھول گئی میں نے تم لوگوں کو نمبر دینا تھا ---

ہاں تو پھر دے----

ہممممم

اور تیرا شوہر کہاں ہے ---ابتسام ۔ابتسام وہ آیا نہیں ---کیا تیرے ساتھ نہیں نہیں وہ آئے ہیں ---وہ آفس گئے ہیں

ہمم شکر ہے تیرے ساتھ نہیں ہے ادھر ورنہ اس نے تو مجھے کچا چبا جانا تھا

ہی ہی ہی ----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں ہاں ہنس لے میری بے بسی پہ -----تیرے شوہر کے سامنے بے بس جو ہو جاتا ہوں----

اچھا چھا چھوڑ چل سیٹ پر بیٹھ ---

اے اے کہاں کہاں----ارحم مشکات کو اپنے ساتھ بیٹھتا دیکھ کر پوچھتا ہے

کہاں مطلب

مطلب ادھر کیوں بیٹھ رہی ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو کدھر بیٹھوں اور ویسے بھی میں پہلے بھی ادھر ہی بیٹھتی تھی۔

بیٹھتی تھی نہ-----پر اب نہیں بیٹھے گی---

کیوں؟؟؟

مشکات تو کیا چاہتی ہے تیرا شوہر ایک دفعہ پھر سے میری ہڈیوں کی تعداد کم کر دے

---

ہاہاہاہا---مشکات نے ایک زور دار قہقہہ بلند کیا---واہ ارحم تو تو ابتسام سے ایسے

ڈرتا ہے جیسے وہ کوئی بہت بڑے گینگسٹر ہیں---

ہی ہی ہی---سوفی چل اب زیادہ نہ اڑ جا جا کر اپنی سیٹ پر بیٹھ----

اسلام وعلیکم

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وعلیکم السلام

(مشکات اپنی سیٹ پر جاکر بیٹھتی ہے تو اس کے پاس ایک لڑکی آتی ہے ایم آر)

کیا میں ادھر بیٹھ سکتی ہوں

جی جی ضرور مشکات نے کھلے دل سے اسے بیٹھنے کی اجازت دی۔

ویسے میں نے پہلے آپ کو کبھی نہیں دیکھا کلاس میں ۔

جی جی دراصل ہم پہلے یورپ رہتے تھے ابھی ہم لوگ یہاں پاکستان شفٹ

ہوئے ہیں---

اوہ اچھا وہی تو میں سوچ رہی تھی کہ آپ کو میں نے پہلے کبھی یہاں نہیں دیکھا۔

ویسے آپ کا نام کیا ہے

مشکات ابتسام درانی ---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

واؤ ماشاءاللہ بہت پیارا نام ہے

اور آپ کا

میرا نام زوہا رانی ہے۔

مشکات نے اپنا نام غلط بتایا کیونکہ اسے ڈر تھا کہ اگر مشکات نے ابتسام سے (اس کے متعلق کوئی بات کی تو ہوسکتا ہے وہ اس کی انفارمیشن نکال لے)

ماشاءاللہ آپ کا نام بھی بہت پیارا ہے۔

اسلام و علیکم کلاس

ابتسام کلاس میں داخل ہوتا ہے اور پوری کلاس کو سلام کرتا ہے

وعلیکم السلام ٹیچر پوری ہی کلاس سے آواز اٹھتی ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابتسام اپنا لیکچر دیتا ہے مگر اس کا سارا فوکس مشکات پر ہی ہوتا ہے ---

ابتسام درانی مشکلات اس پروفیسر کا نام بھی تو ابتسام درانی ہے

جی جی یہ ہی تو میرے شوہر ہیں

سچ میں تم شادی شدہ ہو

جی ماشاءاللہ بہت بہت مبارک ہو

خیر مبارک ۔ویسے تمہارا شوہر تو بہت ہی خوبصورت ہے

ہم ہم شکریہ شکریہ

مشکات اور زوہا دونوں ہی کلاس ختم ہونے کے بعد باہر نکلتی ہیں اور کینٹین طرف چلی جاتی ہیں ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کینٹین پر پہلے سے ہی ابتسام کھڑا ہوتا ہے مشکات اسے اگنور کرتی آگے کی طرف بڑھتی ہے مگر ابتسام ہاتھ بڑھا کر اسے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے اور مشکات ابتسام کے کشادہ سینے سے لگ جاتی ہے۔

سام ---شرم وحیا کے سارے رنگ مشکات کے چہرے پر کھل اٹھتے ہیں۔

مشی میں نے ہزار دفعہ کہا ہے کہ مجھے اگنور نہ کیا کرو

میں نے کب آپ کو اگنور کیا

تو یہ جو ابھی کیا تھا وہ کیا تھا

کیا کیا میں نے

تم مجھے دیکھ کر گزر رہی تھیں

سام تو کیا ہوگیا آپ کیا چاہتے ہیں میں ہر جگہ آپ کے ساتھ ببل کی طرح چپکی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رہوں۔

ہاں میں یہی چاہتا ہوں

ہیں پاگل ہوگئے ہیں آپ میں ہر جگہ آپ کے ساتھ نہیں ہوسکتی۔

کیوں نہیں ہو سکتیں مجھے ہر جگہ اپنے ساتھ مشکات چاہیے مجھے میرے سائے پر مشکات کا سایہ چاہیے ۔مجھے میرے ہر قدم پر تمہارا قدم چاہیے

Acha acha sorry next time asa ni kron gi

Hmmmm

Good girl

ابتسام مشکات کا گال تھپتھپاتا ہے ۔ابتسام کو مشکات کی ایک یہ ہی عادت پسند تھی کہ وہ ابتسام کی ہر بات جلد ہی مان جایا کرتی تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اچھا مشی میں گاڑی نکالتا ہوں تم آجاؤ

جی

میں ابھی آئی

ہمم

زوہا اللہ حافظ

یار تم ابھی سے جارہی ہو

ہاں ہاں اصل میں میں بس دو ہی لیکچرز لیتی ہوں

اوہ اچھا اچھا پھر کل آؤگی تم

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی جی ضرور

ہمم میں انتظار کروں گی

اچھا چلو اللہ حافظ

جی جی اللہ حافظ

مشی کون تھی وہ جو کلاس میں تمہارے ساتھ بیٹھی تھی

زوہا

زوہا کون ہے یہ

سام کوئی نئی آئی ہے ابھی یورپ سے پاکستان شفٹ ہوے ہیں

اچھا اچھا صحیح

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سام مجھے آپ سے ایک بات کرنی تھی

جی جی میری جان بولو

سام آپ مجھے میرے گھر لے جائیں گے

میری جان گھر ہی تو جارہے ہیں

نہیں نہیں میرے پورانے گھر

کیوں؟

کیونکہ فاریہ کی بہت طبیعت خراب ہے مجھے آج ارحم بتا رہا تھا

اچھا اچھا چلو بس پھر ابھی لے کے چلتا ہوں اپنی جان کو۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشی تم اندر چلو میں گاڑی پارک کر کے آیا ابتسام نے گاڑی فاریہ کے گھر کے آگے روک کر مشکات کو کہا

جی

آنٹی اسلام و علیکم

و علیکم السلام

مشکات بیٹا آپ تو بہت دن کے بعد آئی ہیں مشکات کی امی ثمینہ نے مشکات کا ماتھا چوما -----

جی آنٹی وہ زرا مصروف تھی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمم صحیح بات ہے ویسے بھی شادی کے بعد بہت زیادہ کام بڑھ جاتا ہے

شادی آپ کو کس نے بتایا میری شادی ہوگئی ہے

کس نے بتانا تھا فاریہ نے بتایا ہے

اچھا اچھا آنٹی فاریہ کہاں ہے ارحم بتا رہا تھا وہ بہت بیمار ہے

ہاں ہاں بیٹا تین دن ہوگئے بہت بخار ہے فاریہ کو میں نے ہر ڈاکٹر کو چیک کروالیا مگر اسے بالکل بھی آرام نہیں ہے۔

اچھا اچھا میں دیکھتی ہوں

اپنے کمرے میں ہے فاریہ

اچھا مشکات فاریہ کہ کمرے کی طرف بڑھتی ہے مگر پیچھے سے ابتسام کی آواز پر دو منٹ رکتی ہے

اسلام و علیکم آنٹی

وعلیکم السلام بیٹا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آنٹی میں ابتسام ۔۔۔۔ثمینہ ابتسام کو حیران کن نظروں سے دیکھ رہا تھی تبھی ابتسام نے اپنا تعارف کروایا ۔

اوہ اچھا آپ مشکات کے شوہر ہیں

جی آنٹی

ماشاءاللہ ثمینہ نے آگے بڑھ کر ابتسام کا ماتھا چوما

ماشاءاللہ بہت ہی پیارا بچہ ہے ۔۔۔ثمینہ نے مشکات کو کہا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور مشکات وہاں سے فاریہ کے کمرے میں چلی گئی جب کہ ابتسام باہر ہال میں ثمینہ کے پاس ہی بیٹھ گیا۔

فاریہ کیا ہوا تجھے ۔۔۔مشکات نے کمرے میں داخل ہوکر فاریہ کے سر پر ایک چت لگائی۔

آہ مشکات میرے سر میں درد ہے

سوری سوری۔۔۔یار زیادہ درد تو نہیں ہورہا

نہیں نہیں یار اب تو اتنی زور سے مارے گی تو نارمل انسان کے بھی درد ہو جائے گا

او ہاں اچھا یہ بتا تو نے کونسے روگ سنبھالے ہوے ہیں؟

مطلب

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو جو دن بدن اتنی کمزور ہوتی جارہی ہے فاریہ نے مشکات سے پوچھا

کمزور ہیں کیا کہ رہی ہے تو۔۔۔مجھے سام تو گود میں اٹھا کے کہتے ہیں کہ میں موٹی ہوتی جارہی ہوں

او واہ گود میں

جی بلکل میرے سام مجھے سے بہت پیار کرتے ہیں پیار نہیں بلکہ میں تو ان کا عشق ہوں۔۔۔۔۔اور وہ بھی میرا عشق ہیں۔۔۔بلکہ میری زندگی کی وجہ ہی اب سام ہیں

مشکات کا چہرہ فاریہ کی طرف تھا جبکہ فاریہ کا چہرہ دروازے کی طرف تھا ۔

کیا پیچھے

فاریہ بار بار مشکات کو اشارے کر رہ تھی کہ پیچھے دیکھے اور ایک طرف مشکات تھی جو ابتسام کی محبت کے گن گارہی تھی کیونکہ مشکات کی زندگی میں ایک صرف ابتسام ہی تھا جس نے اسے سچی محبت دی ۔ابتسام مشکات کی زندگی میں پہلا اور آخری شخص ہے جس سے وہ بے تحاشا محبت کرتی ہے۔۔۔مشکات ابھی بھی ابتسام کی باتیں کر رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا پیچھے مشکات نے پیچھے مڑ کر دیکھا

اور جونہی وہ پیچھے مڑی اس کی تو سیٹی بٹی گم ہوگئ

سام

جی جی محترمہ میں فاریہ کی طبیعت دریافت کرنے آیا تھا اور تمہیں کہنے کے گھر چلو کیونکہ ٹائم کافی زیادہ ہوگیا ہے۔مگر یہاں تو محترمہ ----ابتسام نے بات ادھوری چھوڑی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میری جان زرا گھر تو چلو یہ جو میری محبت کے شان میں قصیدے پڑھ رہی تھیں یہ زرا میرے کانوں کو بھی سنا دینا۔--ابتسام نے تھوڑا آگے ہوکر مشکات کے کان میں یہ بات کہی

اور مشکات پر تو مانو ایک رنگ چڑھ رہا تھا اور ایک اتر رہا تھا۔

کیسی ہیں آپ فاریہ

جی الحمدللہ ٹھیک ہوں اب

چلو اللہ پاک شفا دیں

مشی گھر چلیں ہم

جی جی

اچھا فاریہ خدا حافظ

ہاں خدا حافظ مشکات ۔

سام مجھے چچی کے گھر بھی لے جائیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مشکات تم بہتر طور پر جانتی ہو کہ تمہاری پچھی کیسی ہیں اور تم پھر بھی وہاں جانا چاہتی ہو

